Oil & Gas Development Company Limited

ogdc the energy

اطلاعِ عام برائے 29th سالانہ اجلاسِ عام

اشتہار ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا 29 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 16 اکتوبر 2026 دن 11 بجے، او جی ڈی سی ہیڈ آفس، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے

عمومی کاروباری امور:

1-28 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 27 اکتوبر 2025 کے منٹس کی توثیق۔

2۔ کمپنی کے انفرادی اور مجموعی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2026 مع ڈائریکٹرز، آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور اور منظوری۔

3-سال 30 جون 2026 کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق (6 روپے فی شیئر یعنی حتمی نقد منافع 60%) کی منظوری دینا۔ (یہ منافع ان تین نقد منافع جات کے علاوہ ہے جن کی مجموعی شرح 110% یعنی 11 روپے فی شیئر جو پہلے ہی ادا کیے جا چکے ہیں)

4- سال 27-2026 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

اسلام آباد
25 ستمبر، 2026

بذریعہ حکم بورڈ
وسیم احمد
کمپنی سیکریٹری

اہم نکات:

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 9 اکتوبر 2026 سے 16 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کی جائے گی۔ تاہم، وہ ٹرانسفر جو بروقت اور مکمل صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں مورخہ 8 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں بروقت تصور کیا جائے گا اور ان کے حامل شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حتمی نقد منافع (اگر شیئر ہولڈرز کی منظوری سے اعلان کیا گیا) کے لیے اہل تصور کیا جائے گا۔

2-سالانہ اجلاس عام میں شرکت کا طریقہ کار:

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والے ہر رکن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جو اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کے تمام یا کسی بھی حق کو استعمال کر سکے۔ تاہم پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے، باقاعدہ اسٹامپ شدہ اور دستخط شدہ حالت میں جمع کرا دیا جائے۔

3-سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں اپنی شناخت کے لیے اجلاس کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ہمراہ شرکت کرنا ہوگی۔

کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد اور پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے کے دستخط کی تصدیق اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

(ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:

(i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونا لازمی ہیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

(iii) بینیفیشل اونر اور پراکسی، دونوں کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہوں گی۔

(iv) پراکسی ہولڈر کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد اور پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے (بمقصد کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹنگ) کی دستخط شدہ تصدیق پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.ogdcl.com پر دستیاب ہیں۔

4۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 132(2) کے مطابق کسی ایک جغرافیائی علاقے میں رہائش پذیر شیئر ہولڈرز، جو مجموعی طور پر کم از کم 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھتے ہوں، سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے لیے اپنی رضامندی فراہم کریں تو کمپنی اس شہر میں، ویڈیو کانفرنس کی سہولت دستیاب ہونے کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کے انتظامات کرے گی۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم اپنی درخواست درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو ارسال کریں:

کمپنی سیکریٹری
آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ
او جی ڈی سی ہیڈکوارٹرز
پلاٹ نمبر 3، ایف-6، جی-6
جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد

5۔ ایڈریس کی تبدیلی

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کو مطلع کریں۔

6۔ الیکٹرانک ذرائع سے منافع کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت، لسٹڈ کمپنی کی جانب سے قابل ادائیگی کوئی بھی نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقے سے، حقدار شیئر ہولڈر کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منتقل کیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

- بینک اکاؤنٹ ٹائٹل: ------------------------
- بینک اکاؤنٹ (IBAN) نمبر: ------------------------
- بینک کا نام: ------------------------
- برانچ کا نام اور پتہ: ------------------------
- شیئر ہولڈر کا قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC): ------------------------
- شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر: ------------------------
- شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر (اگر کوئی ہو): ------------------------

7-سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل

S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 اور 30 اکتوبر 2023 کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے دی گئی اجازت کے تحت، 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ان سے متعلق رپورٹس کے ہمراہ، QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو فراہم کیے جا رہے ہیں۔

یہی مالیاتی گوشوارے اور متعلقہ رپورٹس ان اراکین کو ای میل کے ذریعے بھی ارسال کی جا رہی ہیں جن کے ای میل کمپنی کے پاس دستیاب ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی مطبوعہ کاپی کسی بھی رکن کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔

8۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹس کی دستیابی

کمپنی کے سال 30 جون 2026 کے آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.ogdcl.com پر دستیاب ہیں۔
علاوہ ازیں گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی سٹیٹمنٹ بھی مذکورہ ویب سائٹ کے لنک
https://ogdcl.com/investors/financial-reports اور QR کوڈ کے ذریعے دیکھے یا ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

9۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی تفصیلات کا لازمی اندراج

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024ء کے ضابطہ 47 کے تحت، فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس، ای میل ایڈریس، موبائل/ ٹیلی فون نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) سمیت اپنے کوائف کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل ایڈریس پر فراہم یا اپ ڈیٹ کریں، تا کہ کمپنی اپنے قانونی ریکارڈ کو مکمل اور اپڈیٹ رکھ سکے۔

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی۔ بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس
مین شاہراہ فیصل،
کراچی 74400
فون: +92111111500
فیکس: +92 21 34326053
Website: www.cdcsrsl.com
Email: info@cdcsrsl.com

10-فزیکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 72 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ فزیکل فارم میں جاری کیے گئے شیئرز کو بک انٹری فارم کے شیئرز میں تبدیل کریں۔
لہٰذا کمپنی کے ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل فارم میں شیئرز موجود ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سنٹرل ڈپازٹری سسٹم کے ذریعے اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔ حصص دار اس سلسلے میں کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے مدد لے سکتے ہیں۔

11-عدم وصول شدہ منافع جات اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 244 کے تحت، کمپنی اس سے قبل متعلقہ شیئر ہولڈرز سے ان کے غیر ادا شدہ یا غیر وصول شدہ منافع اور غیر ترسیل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس وصول کرنے کے لیے رابطہ کر چکی ہے۔
جن شیئر ہولڈرز کے منافع یا شیئر سرٹیفکیٹس اب بھی غیر وصول شدہ یا غیر ترسیل شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اوپر دیے گئے ایڈریس پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنا دعویٰ جمع کرائیں۔ غیر موصول شدہ منافع اور غیر ترسیل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

12-سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت

ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں ممبران کو درج ذیل معلومات general.meetings2026@ogdcl.com پر فراہم کرنا ہوں گی۔

نام شیئر ہولڈر	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی تعداد	فون نمبر	ای میل پتہ

ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے اُن ممبران کو جن کی ای میل میں تمام مطلوبہ معلومات شامل ہوں گی، کو سالانہ اجلاس عام سے ایک دن قبل لنک فراہم کیا جائے گا۔ ای میلز درج بالا ایڈریس پر 15 اکتوبر 2026 بروز جمعرات بوقت 5 بجے شام تک پہنچنا لازمی ہیں۔ لاگ ان کی سہولت 16 اکتوبر 2026 کو سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک میسر رہے گی۔

13- شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے کی ممانعت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے سرکلر نمبر 2(2018) مورخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O.452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے ذریعے کمپنیز کو اجلاس عام یا اس کے حوالے سے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل یا طریقے سے تحائف یا تحائف کے بدلے مراعات فراہم کرنے سے منع کیا ہے، جن میں "ٹوکن، کوپن، لنچ اور ٹیک اوے پیکیجز" بھی شامل ہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 185 کے تحت اس ممانعت کی کوئی بھی خلاف ورزی جرم تصور ہوگا اور قابل اطلاق قانون کے تحت اس پر سزا لاگو ہو سکتی ہے۔

Oil & Gas Development Company Limited
OGDC HQ, Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 (51) 9244102-3, Fax: +92 (51) 9244104

ogdc the energy
ogdcl.com
No.180/12

dailyads.pk

ایشین گیمز میں میڈل جیتنے کیلئے پرامید ہیں: صاحبزادہ فرحان

قومی کرکٹ ٹیم جاپان چلی گئی

قومی سکواڈ متوازن، نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل، تمام ٹیمیں اہم، صرف بھارت کیساتھ میچ توجہ کا مرکز نہیں ہوگا، تمام مقابلوں کو یکساں اہمیت دینگے

صائم ایوب، معاذ صداقت، حسن نواز پاکستان کیلئے امید کی کرن، انٹرنیشنل سطح پر ناکام کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنی چاہیے: کپتان قومی ٹی ٹونٹی ٹیم

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز 2026ء کیلئے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان صاحبزادہ فرحان نے ایونٹ میں ملک کیلئے میڈل جیتنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ نیشنل سٹیڈیم کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صاحبزادہ فرحان نے ٹیم کی تیاریوں، حکمت عملی سے متعلق اظہار خیال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ قومی سکواڈ متوازن اور نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے اور وہ ایونٹ میں ملک کیلئے میڈل حاصل کرنے کیلئے انتہائی پرامید ہیں۔ صاحبزادہ فرحان نے واضح کیا کہ ایونٹ میں تمام ٹیمیں ہمارے لیے اہم ہیں اور صرف بھارت کیساتھ میچ ہی توجہ کا مرکز نہیں ہوگا۔ ہماری پوری توجہ پہلے میچ پر ہے اور تمام مقابلوں کو یکساں اہمیت دیں گے۔ ایونٹ سے دو دن قبل پہنچ کر مقامی موسمی حالات سے ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان ٹیم کے کمبی نیشن اور نوجوان ٹیلنٹ پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صائم ایوب، معاذ صداقت اور حسن نواز جیسے کھلاڑی پاکستان کیلئے امید کی کرن ہیں، ایشین گیمز میں عمدہ کارکردگی کی بنیاد پر کھلاڑیوں کو مستقبل میں مزید اور بہتر مواقع مل سکتے ہیں۔ ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے میچز کیلئے جاپان جا کر رگبی کے میدان کا معائنہ کیا، اس حوالے سے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا ہے، کراچی میں ختم ہونے والے چار روزہ تربیتی کیمپ میں بھی صورتحال کو مدنظر رکھ کر تیاریاں کی گئیں۔ ڈومیسٹک کرکٹ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے صاحبزادہ فرحان نے کہا کہ انٹرنیشنل سطح پر ناکام ہونے والے کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کرکٹ میں واپس جا کر کھیلنا چاہیے کیونکہ ڈومیسٹک سطح پر مسلسل کھیلنے سے کھلاڑی کی صلاحیتوں میں مزید نکھار آتا ہے۔ اپنی قیادت اور مستقبل کے حوالے سے صاحبزادہ فرحان کا کہنا تھا کہ بطور کپتان انتہائی پرامید ہوں، کپتان رہوں یا نہ رہوں، میری ترجیح کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھنا ہے، کوشش ہوگی کہ پی سی بی کے اعتماد پر پورا اتروں۔ قومی ٹیم ایشین گیمز میں شرکت کیلئے جاپان چلی گئی۔

ایشین گیمز کبڈی: پاکستان پہلی بار میڈل کی دوڑ سے باہر ہوگیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز میں پاکستان پہلی مرتبہ کبڈی سیمی فائنل تک رسائی سے محروم ہوگیا۔ پاکستان کو آخری گروپ میچ میں ایران نے 51-30 سے شکست دے دی۔ پاکستان ٹیم گروپ میں 4 میں سے 2 میچز ہی جیت سکی، پاکستان کو اس سے قبل تھائی لینڈ نے بھی شکست دی تھی۔ پاکستان ٹیم ایشین گیمز کبڈی میں سیمی فائنل کی دوڑ سے آؤٹ ہوگئی ہے۔ کبڈی 1990ء سے مستقل ایشین گیمز کا حصہ ہے، پاکستان ایشین گیمز کبڈی میں 6 برانز اور 2 سلور میڈل جیت چکا ہے۔ پاکستان نے 2014ء کے علاوہ ہر ایونٹ میں کبڈی کا میڈل جیتا، 2014ء میں پاکستان نے چوتھی پوزیشن حاصل کی تھی۔ پہلی مرتبہ پاکستان ایشین گیمز کبڈی کے سیمی فائنل میں بھی جگہ نہ بنا سکا۔

صاحبزادہ فرحان کو سری لنکا کیخلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں کپتان برقرار رکھنے کی تجویز

مائیک ہیسن صاحبزادہ فرحان کو کپتان بنانے کے حق میں، نوجوان کھلاڑیوں کو موقع ملنے کا امکان

ورلڈکپ 2028ء کیلئے کھلاڑیوں کے پول کا منصوبہ، فخر، شاہین، حارث کی واپسی کا امکان نہیں: ذرائع

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز میں پاکستان کی ٹی ٹونٹی ٹیم کی قیادت کرنے والے اوپننگ بیٹر صاحبزادہ فرحان کو سری لنکا کیخلاف ہوم سیریز میں بھی کپتان برقرار رکھنے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ کوچ مائیک ہیسن ٹی ٹونٹی فارمیٹ کیلئے سلمان علی آغا کی جگہ صاحبزادہ فرحان کو کپتان بنانے کے حق میں ہیں۔ ذرائع کے مطابق سری لنکا کیخلاف سیریز کیلئے نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دیئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق 2028ء ٹی ٹونٹی ورلڈکپ کو مدنظر رکھ کر کھلاڑیوں کا پول تیار کرنے کا منصوبہ تیار کیا جارہا ہے۔ فخر زمان، شاہین آفریدی اور حارث رؤف کی واپسی کا امکان نہیں ہے۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان 3 ٹی ٹونٹی میچز 9، 11 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔

پاکستانی اتھلیٹکس ٹیکنیکل آفیشلز طلحہ افتخار ایشین گیمز میں کیلئے جاپان پہنچ گئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی اتھلیٹکس ٹیکنیکل آفیشلز طلحہ افتخار ایشین گیمز میں بطور ٹیکنیکل آفیشلز اپنے فرائض انجام دینے کیلئے جاپان پہنچ گئے ہیں۔ یہ پہلے پاکستانی ہیں کہ جن کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔ طلحہ افتخار ورلڈ اتھلیٹکس کے کوالیفائیڈ کوچ ہیں اور وہ پاکستان کے ٹاپ ٹیکنیکل آفیشلز میں شمار ہوتے ہیں۔ طلحہ افتخار نے بتایا کہ میری کامیابی میں ایشیا اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی کا بہت بڑا کردار ہے۔

ایشین گیمز ہاکی، پاکستان نے چین کو 0-3 سے شکست دیدی

کپتان ابوبکر، سفیان خان، حنان شاہد نے گول کئے، گرین شرٹس کی مسلسل تیسری کامیابی

قومی ٹیم کی گروپ میں دوسری پوزیشن، رانا وحید اشرف ایک میچ کی معطلی کے باعث میچ نہ کھیل سکے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز ہاکی میں پاکستان نے چین کو 3-0 سے شکست دیکر ایونٹ میں تیسری کامیابی حاصل کرلی۔ پاکستان کی جانب سے کپتان ابوبکر سفیان خان اور حنان شاہد نے گول کیے جبکہ تینوں گول دوسرے کوارٹر میں کیے گئے۔ اس کامیابی کے بعد پاکستان گروپ میں 9 پوائنٹس کیساتھ دوسرے نمبر پر ہے جبکہ ملائیشیا بھی 9 پوائنٹس کیساتھ بہتر گول اوسط کی بنیاد پر سرفہرست ہے۔ پاکستان نے ایشین گیمز میں اس سے قبل دو میچز کھیلے ہیں جن میں تھائی لینڈ کو 9-0 سے مات دی تھی اور ازبکستان کیخلاف پاکستان کی جیت کا سکور 5-1 رہا۔ واضح رہے کہ ٹورنامنٹ منتظمین اور ایشین ہاکی فیڈریشن نے پاکستان کے فارورڈ رانا وحید اشرف کو چین کیخلاف میچ کیلئے معطل کردیا تھا تاہم اس اہم کھلاڑی کی معطلی کے باوجود پاکستان نے چین کو شکست دیدی۔ رانا وحید اشرف کی ہاکی سٹک سے ازبکستان کے کھلاڑی کے سر پر چوٹ لگی تھی جس پر انہیں ایک میچ معطلی کی سزا سنائی گئی تھی جبکہ رانا وحید اشرف پاکستان کی فارورڈ لائن میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

قومی ٹینس ٹیم ایشین گیمز کیلئے جاپان چلی گئی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز 2026 میں شرکت کیلئے پاکستان ٹینس ٹیم جاپان روانہ ہوگئی جہاں مقابلوں کا آغاز 27 ستمبر سے ہوگا۔ پاکستان ٹینس کے 6 کھلاڑی اور 2 آفیشلز جاپان روانہ ہوئے ہیں، اعصام الحق اور عقیل خان پاکستان ٹینس ٹیم میں شامل ہیں۔ مزمل مرتضیٰ اور محمد شعیب بھی شامل ہیں جبکہ اشا سہیل اور ماہین آفتاب قریشی بھی قومی ٹینس دستے میں شامل ہیں۔ محمد حسیب اسلم قومی ٹینس ٹیم کے کوچ جبکہ کرنل ضیاء الدین طفیل پاکستان ٹینس ٹیم کے منیجر مقرر کئے گئے ہیں۔

ایشین گیمز سکواش، پاکستان مکسڈ ڈبلز، سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا

عاصم خان، مہوش علی کی جوڑی نے جاپانی جوڑی ناؤکی ہیاشی اور ایریسا سانو کو شکست دی

نور زمان نے کویتی حریف کو تین صفر، محمد عرفان نے سعودی عرب کے محمد المنسفان کو 0-3 سے ہرایا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز کے سکواش ایونٹ مکسڈ ڈبلز میں پاکستان کے عاصم اور مہوش علی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ مکسڈ ڈبلز راؤنڈ آف 16 میں عاصم خان اور مہوش علی کی ٹیم نے جاپانی ٹیم کو شکست دی، ناؤکی ہیاشی اور ایریسا سانو کے خلاف پاکستانی جوڑی نے دو ایک سے کامیابی حاصل کی۔ عاصم خان اور مہوش علی کی کامیابی کا سکور گیارہ آٹھ، گیارہ دس اور گیارہ چار رہا۔ مکسڈ ڈبلز کے ایک اور میچ میں ناصر اقبال اور سحرش علی کی ٹیم کو راؤنڈ آف 16 میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ مینز سنگلز سکواش میں پاکستان کے نور زمان کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے، نور زمان نے کویت کے عمار العجمی کو 3-0 سے ہرا دیا۔ پاکستان کے محمد عرفان نے بھی کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا، محمد عرفان نے سعودی عرب کے محمد المنسفان کو 3-0 سے ہرا دیا۔

3 کیٹیگریز پر مشتمل میراتھن ریس پرسوں لاہور میں ہوگی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام تین کیٹیگریز میراتھن ریس پرسوں 27 ستمبر کو لاہور میں ہوگی۔ اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے بتایا کہ میراتھن ریس کی تیاریاں جاری ہیں اور ریس میں تین کیٹیگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں 42 کلو میٹر، 21 کلومیٹر اور 10 کلومیٹر روڈ ریس کے مقابلے ہونگے۔ تمام مقابلوں کا آغاز اور اختتام لبرٹی چوک پر ہوگا۔

پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز کی افتتاحی تقریب، ٹرافی کی رونمائی، کھلاڑیوں سے حلف

دونوں ممالک کی دوستی اعتماد، باہمی احترام اور تعاون کی مضبوط بنیادوں پر قائم ہے: فیصل ایوب کھوکھر

گیمز شاندار اقدام، ایونٹ پاکستان، چین کی دوستی کی بہترین عکاسی کرتا ہے: قونصل جنرل لاہور مسٹر ین یان

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز 2026 کی رنگارنگ افتتاحی تقریب نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس جمنازیم ہال لاہور میں ہوئی۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر اور عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل لاہور مسٹر ین یان مہمان خصوصی تھے۔ صوبائی وزیر کھیل نے پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز 2026 کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ مہمانوں نے گیمز کی ٹرافی کی رونمائی کی اور کھلاڑیوں سے حلف لیا۔ فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ آج تاریخی دن ہے۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پاکستان اور چین کے درمیان 75 سالہ دوستی کی خوشی میں پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز کا انعقاد کیا ہے۔ پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندروں سے زیادہ گہری ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی نے ہر مشکل وقت میں خود کو ثابت کیا ہے اور جب بھی پاکستان کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑا، چین نے پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ دونوں ممالک کی دوستی اعتماد، باہمی احترام اور تعاون کی مضبوط بنیادوں پر قائم ہے۔ یہ ہمارے لئے انتہائی خوشی کا باعث ہے کہ ملک بھر سے کھلاڑی پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز میں شرکت کیلئے لاہور پہنچے ہیں۔ پاک چائنہ اکنامک کوریڈور دونوں ممالک کے درمیان قریبی دوستی اور تعاون کی بہترین مثال ہے۔ آج لاہور سے پوری دنیا کو یہ پیغام جارہا ہے کہ ہم کھیلوں کے ذریعے پاک چین دوستی کو مزید مضبوط اور مستحکم کرتے رہیں گے۔ پنجاب کھیلوں کے شعبے میں تمام صوبوں میں نمبرون ہے۔ عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل لاہور مسٹر ین یان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک چائنہ فرینڈشپ گیمز ایک شاندار اقدام ہے۔ یہ ایونٹ پاکستان اور چین کی دوستی کی بہترین عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان اور چین نے سپورٹس، تجارت، معیشت، ثقافت، تعلیم، سکیورٹی اور دفاع سمیت متعدد شعبوں میں ایک دوسرے کیساتھ تعاون کیا ہے۔ پاک چائنہ اکنامک کوریڈور دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کی بہترین مثال ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے حالیہ دورہ چین کے دوران چینی قیادت کیساتھ مختلف شعبوں میں مل کر کام کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ دونوں ممالک میں کھیلوں کے شعبے میں تعاون سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے اپنے خطاب کے اختتام پر پاک چین دوستی زندہ باد کا نعرہ بھی لگایا۔

پہلا ون ڈے: میتھیو برٹزکے کی سنچری، جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کو 67 رنز سے شکست دیدی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کو 67 رنز سے شکست دیکر تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کرلی۔ ڈارون میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے میتھیو برٹزکے کی سنچری کی بدولت 8 وکٹوں پر 297 رنز بنائے۔ میتھیو برٹزکے نے 112 رنز کی اننگز کھیلی۔ مارکو جانسن 75 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ شیتھن ایلس نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ مہمان کینگروز ٹیم 230 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ کپتان مچل مارش 60 اور میٹ رینشا 44 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ کاشیو مہاراج نے چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میتھیو برٹزکے کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

بعدالت جناب محمد یوسف صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، لاہور سوٹ نمبر 1008/26 دعویٰ ریکوری عنوان: حسنین یوسف شیخ بنام ذوالفقار اخبار اشتہار بنام: ذوالفقار علی ولد غلام …

بعدالت جناب عمادالدین فاضل صاحب سینئر سول جج سیالکوٹ دعویٰ تنسیخ نکاح، صباء ناز بنام لال دین، اشتہار بنام لال دین ولد محمد ریاض ساکن نئی آبادی ایمن آباد روڈ محلہ اراضی …

بعدالت جناب محترم محمد عمران صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔ دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد حسین بنام چوہدری محمد بوٹا وغیرہ اشتہار بنام چوہدری محمد بوٹا ولد حاجی جعفر علی ساکن ہاؤس نمبر 522 جوہر ٹاؤن لاہور، حیا ندیم …



14۔ منافع پر انکم ٹیکس کی کٹوتی اور استثنٰی

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت کمپنیوں کی جانب سے منافع (Dividend) کی ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ مقررہ شرح درج ذیل ہے:

فائلر: 15 فیصد

نان فائلر: 30 فیصد

منافع کی ادائیگی پر انکم ٹیکس، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) کے مطابق کاٹا جاتا ہے۔ لہٰذا ان تمام اراکین کو، جو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے (فائلرز) ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں درج ہوں، تاکہ کمپنی نقد منافع کی ادائیگی پر 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کی شرح سے انکم ٹیکس ودہولڈ کرسکے۔

مزید برآں، FBR کے مطابق، اراکین کے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص داروں کے فائلر / نان فائلر اسٹیٹس کی بنیاد پر ودہولڈنگ ٹیکس علیحدہ علیحدہ مقرر کیا جائے گا، جو ہر رکن کے حصص کی ملکیت کے تناسب کے مطابق ہوگا۔

اس سلسلے میں مشترکہ طور پر شیئرز رکھنے والے تمام اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے زیرِ ملکیت شیئرز کے حوالے سے پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص داروں کے شیئرز کی ملکیت کے تناسب کی تفصیلات تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق فراہم کریں:

مشترکہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کا فارم

فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	ٹوٹل ہولڈنگ	پرنسپل ممبر: پرنسپل ممبر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر	پرنسپل ممبر: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	جوائنٹ ممبر: جوائنٹ ممبرز کے نام اور شناختی کارڈ نمبرز	جوائنٹ ممبر: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	دستخط

مشترکہ اکاؤنٹس سے متعلق معلومات اس نوٹس کے اجراء کے 10 دن کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو موصول ہو جانی چاہئیں۔ معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ مذکورہ شیئرز پرنسپل ممبر اور مشترکہ حصص دار یا حصص داروں کی مساوی ملکیت ہیں۔

کمپنی کے کارپوریٹ ممبران، جو CDC میں رجسٹرڈ ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے قومی ٹیکس نمبرز (NTNs) ان کے متعلقہ پارٹیسپنٹس (Participants) کے پاس اپ ڈیٹ ہوں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل ممبران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل، جس پر ان کا فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر درج ہو، ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

وہ ممبران جو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت ٹیکس سے استثنٰی حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں چاہیے کہ کتب کی بندش شروع ہونے سے قبل اپنے شیئر رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنٰی سرٹیفکیٹ (Tax Exemption Certificate) فراہم کریں، بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق منافع پر ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔

پراکسی فارم
29واں سالانہ اجلاس عام
آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

میں / ہم ______ ساکن ______ بطور حصص دار OGDC

رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______ اور حامل ______ عدد عام حصص کی حیثیت سے

جناب ______ ساکن ______ یا ان کی غیر موجودگی پر

جناب ______ ساکن ______ یا ان کی غیر موجودگی پر

جناب ______ ساکن ______ کو میری / ہماری ایماء پر کمپنی کے منعقدہ 29ویں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 16 اکتوبر، 2026، صبح 11:00 بجے او جی ڈی سی ہیڈ آفس، اسلام آباد میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لئے یا کسی بھی التواء کی صورت میں اپنا / ہمارا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرتا ہوں / کرتے ہیں۔

50 روپے کی اسٹامپ چسپاں کریں

______
دستخط ممبر

- دستخط پراکسی ______
- نام ______
- فولیو / سی ڈی سی / اے سی نمبر ______

دستخط گواہان کے روبرو کیے گئے ہیں:

گواہان:

1	دستخط	2	دستخط
	نام		نام
	پتہ		پتہ
	قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ		قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ

نوٹس:

1۔ اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا رکن کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے تاکہ وہ اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کے رکن کے تمام یا کسی بھی حق کو استعمال کرسکے۔

2۔ باقاعدہ طور پر مکمل، دستخط شدہ اور اسٹامپ شدہ پراکسی فارم کمپنی کے سیکریٹری کے پاس، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹرز، پلاٹ نمبر 3، F-6، G-6، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں، اجلاس کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

سی ڈی ایس اکاؤنٹ ہولڈرز / کارپوریٹ اداروں کے لیے

مندرجہ بالا شرائط کے علاوہ، درج ذیل تقاضے بھی پورے کرنا ضروری ہیں:

I۔ پراکسی فارم کے ساتھ شیئر ہولڈرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا لازمی ہے۔

II۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

III۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، مجاز نمائندے کے نمونہ دستخط، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا لازمی ہیں۔

Oil & Gas Development Company Limited
OGDC HQ, Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 (51) 9244102-3, Fax: +92 (51) 9244104

ogdcl.com
No.180/12